سوال

(130) کیا مسافر کے لیے دو فرضوں کے علاوہ سنن اور نوافل الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا مسافر کے لیے دو فرضوں کے علاوہ سنن اور نوافل پڑھنے بھی ضروری ہیں؟ لال الدین ۵۸۳

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آنحضرت ﷺ صرف دو فرض پڑھا کرتے تھے جس سے ثابت ہوا کہ سنن اور نوافل ضروری نہیں ہاں فجر کی دو سنت اور وتر آپ پڑھا کرتے تھے اگر وقت مل جائے تو نفل بھی پڑھ سکتا ہے، بعض صحابہ پڑھ لیا کرتے تھے مگر ضروری نہیں۔ (اہل حدیث سوہدرہ جلد ٦، ش ٣١، ٣٢)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 04 ص 211

محدث فتویٰ